15

کھیتی باڑی اور مویشی پالنا

کسان گندم اُگاتا ہے۔

گندم کو پیس کر آٹا بنایا جاتا ہے۔



آٹے سے گھر میں روٹی بنائی جاتی ہے۔ آٹے سے میدہ حاصل کیا جاتا ہے جس میں دیگر چیزیں ملا کر بسکٹ وغیرہ بھی بنائے جاتے ہیں۔

کسان کپاس اُگاتا ہے۔

کپاس سے روئی بنتی ہے۔



روئی سے دھاگہ بنتا ہے۔

دھاگے کو رنگ کیا جاتا ہے۔



دھاگے سے فیکٹری میں کپڑا بنایا جاتا ہے۔

کپڑے سے رنگ برنگے لباس بنائے جاتے ہیں۔

کسان مویشی پالتے ہیں۔

بھینس اور گائے سے دُودھ حاصل ہوتا ہے۔

دودھ سے دہی، مکھن اور گھی بنائے جاتے ہیں۔

مشق

1- درج ذیل سوالات کے جوابات دیں:

(i) کھیتوں میں اُگائی جانے والی پانچ فصلوں کے نام لکھیں۔

(ii) کپاس سے کیا کیا بنتا ہے؟

(iii) دودھ سے بنی ہوئی کون سی چیز آپ کو پسند ہے؟

(iv) دودھ دینے والے تین جانوروں کے نام لکھیں۔

(v) ہم مویشی کیوں پالتے ہیں؟

(vi) لوگ کھیتی باڑی کیوں کرتے ہیں؟

2- مندرجہ ذیل الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں:

دھاگہ	آٹا	جانوروں	دودھ	کپڑا

(i) گندم کو پیس کر .... بنایا جاتا ہے۔

(ii) روئی سے .... بنتا ہے۔

(iii) دھاگے سے فیکٹری میں .... بنایا جاتا ہے۔

(iv) بھینس اور گائے .... دیتی ہیں۔

(v) گوشت .... سے حاصل ہوتا ہے۔